## سوال

(20) قرآن مجید کی کن کن آیات کا جواب دینا ضروری ہے۔؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن مجید کی کن کن آیات کا جواب دینا ضروری ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید پڑھنے والا سورة والتین کے آخر یہ کہے۔

بلی وانا علی ذالک من الشاہدین

اور سورة اعلیٰ میں

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى

پڑھے تو

سبحان ربی الاعلی

کہے مگر یہ جواب ضروری نہیں۔ اور مقتدی جب سنے تو اس کے متعلق کہیں زکر نہیں آیا جو کہتے ہیں۔ کہ مقتدی بھی جواب دے۔ وہ قیاس سے کام لیتے ہیں۔ آپ ﷺ نے جب سورة الرحمن پڑھی۔ تو صحابہ خاموش ہو کر سنتے رہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ جب تم سے بہتر جواب دیتے تھے۔ جب میں

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پڑھتا تو کہتے۔

لا بشئ من نعمک ربنا نکذب لک الحمد ولک الشکر

توضیح۔

جو مقتدی بھی جواب دیتے ہیں۔ وہ قیاس نہیں بلکہ فعلی حدیث پر عمل ہے۔ (سعیدی

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد12ص122

محدث فتویٰ